SBP ریلیف پیکیج

متواتر پوچھے جانے والے سوالات (کریڈٹ کارڈز)

اصل رقم کا التواء

کیا سلک بینک کریڈٹ کارڈ کسٹمرز کو اصل رقم کو مؤخر کرنے کی پیشکش کر رہا ہے؟

جی ہاں، سلک بینک انسٹالمنٹ پلان کے ذریعے اصل رقم کو مؤخر کرنے کی پیشکش کر رہا ہے یعنی کسٹمر اپنی مطلوبہ اصل رقم کو اقساط میں تبدیل کر سکتا ہے۔

کیا میری اصل رقم انسٹالمنٹ پلان کے ذریعے خود بخود مؤخر ہو جائے گی؟

نہیں، آپ کو سلک بینک کنٹیکٹ سینٹر سے رابطہ کر کے، اپنے رجسٹرڈ ای میل ایڈریس سے info@silkbank.com.pk پر ای میل کر کے یا کراچی، لاہور اور اسلام آباد میں ہماری ایسٹ ہیلپ ڈیسک پر تحریری درخواست جمع کرا کے اصل رقم کو اقساط کے ذریعے مؤخر کرانے کے لیے درخواست کرنا ہوگی۔

اس انسٹالمنٹ پلان کی مدت کیا ہوگی؟

کسٹمرز 3، 6، 12، 18، 24، 36، 48 اور 60 مہینوں میں سے اس کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

اگر میں پہلے سے ہی انسٹالمنٹ پلان کو استعمال کر رہا ہوں اور اصل رقم کے التواء کی اس سہولت کو حاصل کرنا چاہتا ہوں، تو کیا میں اس سہولت کا اہل ہوں گا؟

جی ہاں، آپ کا موجودہ انسٹالمنٹ پلان پیشگی ادائیگی جرمانہ کے بغیر ایکسیلریٹ کر دیا جائے گا اور بعد ازاں ایکسیلریٹڈ اصل رقم کو دستیاب آپشنز کے مطابق مؤخر کیا جا سکتا ہے۔

کون سی اصل رقم مؤخر ہوسکتی ہے؟

مورخہ 30 جون، 2020 کو یا اس سے قبل درخواست کی تاریخ پر اصل واجب الادا رقم مؤخر ہوسکتی ہے۔

میں اصل رقم کے التواء کی درخواست کب دے سکتا ہوں؟

آپ 30 جون، 2020 تک کسی بھی وقت اس سہولت کے لیے درخواست دے سکتے ہیں۔

کیا بینک میری درخواست کو مسترد کرسکتا ہے؟

جی ہاں، آپ کی درخواست مسترد ہونے کی صورت میں بینک درخواست کی وصولی کے 15 یوم کے اندر اپنے فیصلے سے متعلق آپ کو مطلع کرے گا اور اس میں مسترد کیئے جانے کی وجوہات بھی درج کرے گا۔

کیا مؤخر شدہ اصل رقم پر اب بھی مارک اپ (سود) لاگو ہوگا؟

جی ہاں، موجودہ شرح پر مارک اپ (سود) کا اطلاق ہوگا اور آپ کو ہر ماہ کے بل سروس چارجز کی ادائیگی کرنا ہوگی۔

کیا مجھ سے اصل رقم کو مؤخر کرنے پر کوئی اپ فرنٹ فیس وصول کی جائے گی؟

نہیں، اس سہولت کو حاصل کرنے کے لیے آپ سے ماسوائے اس وقت موجود SOC کے مطابق، دیگر کسی قسم کے اضافی چارجز وصول نہیں کئے جائیں گے۔

کیا میں یہ سہولت ایک سے زائد بار حاصل کرسکتا ہوں؟

نہیں، کسٹمر کو اس سہولت کی پیشکش صرف ایک بار کی جارہی ہے۔

اس سہولت کو حاصل کرنے کے بعد، کیا میں اپنے سلک بینک کریڈٹ کا استعمال جاری رکھ سکتا ہوں؟

جی ہاں، آپ اس سہولت کے عوض اپنی دستیاب حد کا استعمال جاری رکھ سکتے ہیں۔

کیا مؤخر شدہ رقم، استعمال شدہ حد کا حصہ تصور کی جائے گی؟

جی ہاں، مؤخر شدہ رقم آپ کی استعمال شدہ حد کا حصہ تصور کی جائے گی۔

اگر میں یہ سہولت حاصل کرتا ہوں تو کیا مجھے eCIB میں رپورٹ کیا جائے گا؟

آپ کو SBP کے عمومی گائیڈ لائنز کے مطابق eCIB میں رپورٹ کیا جائے گا۔